واسنا

اداکاران
راجکمار - پدمنی
وشواجیت

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

اعلی پریس دہلی

داستان فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

جینے والے جھوم کے مستانہ ہو گئے جی
آنے والے صبح سے بیگانہ ہو گئے جی

اچھا ہوا کیا ہے جینے بھی دے
نت نیا جادو چھانے بھی دے

جاگے یہ جوانی آئی ہیں
دلوں کی مرادیں پانے بھی دے

شوخی بھرے حسن کا نذرانہ ہو گئے جی

جینے کا مزا لے مرتا ہے کیوں
ٹھنڈی ٹھنڈی آہیں بھرتا ہے کیوں

لوگوں کی نگاہیں کچھ بھی کہیں
کئے جا خطائیں ڈرتا ہے کیوں

تجھ سے جیسے ہونٹ وہ پیمانہ ہو گئے جی

گانا نمبر ۲:- اتنی نازک نہ ہو ہائے اتنی نازک نہ ہو
حد کے اندر ہو نزاکت تو ادا ہوتی ہے
حد سے بڑھ جائے تو آپ اپنی سزا ہوتی ہے

جسم کا بوجھ اٹھائے نہیں اٹھتا تم سے
زندگی کا کڑا بوجھ سہو گی کیسے
تم جو ہلکی سی ہواؤں میں لچک جاتی ہو
تیز جھونکوں کے تھپیڑوں میں رہو گی کیسے
یہ نہ سمجھو کہ ہر اک راہ میں کلیاں ہوں گی
راہ چلنی ہے تو کانٹوں میں بھی چلنا ہوگا
یہ نیا دور ہے اس دور میں جینے کے لئے
حسن کو حسن کا انداز بدلنا ہوگا
کوئی رکتا نہیں ٹھہرے ہوئے راہی کے لئے
جو بھی دیکھے گا وہ کترا کے نکل جائیگا
ہم اگر وقت کے ہمراہ نہ چلنے پائے
وقت ہم دونوں کو ٹھکرا کے گزر جائیگا

گانا نمبر ۳ - بزدل کا راج تو صدیوں سے ہے زمانے میں
کبھی ہوا نہیں دنیا میں راج بھیڑیوں کا
اگر ہمیں بھی ملے اختیار اے لوگو
تو ہم دکھائیں تمہیں کام کاج بھیڑیوں کا
ملک میں بچوں کی گر سرکار رہے
زندگی ایک جشن ایک تہوار رہے
حکم دیں ایسے کہ ہند کے لئے

جس میں دو دِل لے کے ایک دنیا دار ہو
سب کو دیں سکھ مل کے یہ پیغام ہم
ایک سی ہر پیٹ پر سے آدھار ہو
ہو سکے تعمیر یوں سب کے گھر نئے
کوئی بھی مفلس نہ بے گھر بار ہو
اپنا کھانا ہم اپنا آپ ہی کمائیں
دکھ اُٹھائیں نہ پھر تکرار ہو
ہم تندرست ہوں تو سپنے نئے
جس میں نفاق ہو نہ سماج کا کار ہو
قومی دولت سے خزانے یوں بھرے
خود ہی لے لے جس کو جو درکار ہو
عید دیوالی سبھی مل کر منائیں
آدمی کو آدمی سے پیار ہو

گانا نمبر ۲: میں صدقے جاؤں میرے سیاں تم آئے تو ہو
ضد ٹوٹ گئی انکار کی
رُت جاگ اٹھی دیدار کی
تم آج میرے نزدیک ہو
یہ جیت ہے میرے پیار کی
دل دے کے غم دے کے تڑپائے تو ہو

تم میرا حسین ارمان ہو
اک کھوئی ہوئی پہچان ہو
کل غیروں کے مہمان تھے
آج اس گھر کے مہمان ہو
دنیا کے دکھ پا کے گھبرائے تو ہو
میرے دل پہ پہرا ہے
تیری بکھی ہوئی یہ رات ہے
کل تک جو نظر منتظر تھی
وہ ہی شوق بھری سوغات ہے
ترسا کے تڑپا کے چھپ جائے تو ہو

گانا نمبر ۵: یہ پربتوں کے دائرے یہ شام کا دھواں
ایسے میں کیوں نہ چھیڑ دیں دلوں کی داستاں
ذرا سی زلف کھول دو فضا میں عطر گھول دو
نظر جو بات کہہ سکی وہ بات منہ سے بول دو
کہ جھوم اٹھے نگاہ میں بہار کا سماں
یہ چپ بھی اک سوال ہے عجیب دل کا حال ہے
ہر اک خیال کھو گیا بس اب یہی خیال ہے
کہ فاصلہ نہ کچھ رہے ہمارے درمیاں
یہ روپ رنگ یہ پھبن چمکتے چاند سا بدن

برا نہ مانو ہم اگر
تیرے چرچے ہم یوں کریں کریں
کہ آج موسموں میں بھی پیار کی گرمیاں

گانا نمبر ۶:- آج اس درجہ پلا دو
کہ نہ کچھ یاد رہے
بیخودی اتنی بڑھا دو کہ نہ کچھ یاد رہے
دوستی کیا ہے وفا کیا ہے محبت کیا ہے
دل کا کیا مول ہے
احساس کی قیمت کیا ہے
ہم نے سب جان لیا ہے کہ حقیقت کیا ہے
آج بس اتنی دعا دو کہ نہ کچھ یاد رہے
مفلسی دیکھی امیری کی ادا دیکھ چکے
غم کا ماحول مسرت کی فضا دیکھ چکے
کیسے پھرتی ہے زمانے کی ہوا دیکھ چکے
شمع یادوں کی بجھا دو
کہ نہ کچھ یاد رہے
عشق بے چین خیالوں کے سوا کچھ بھی نہیں
حسن بے روح اجالوں کے سوا کچھ بھی نہیں
زندگی چند سوالوں کے سوا کچھ بھی نہیں

ہر سوال ایسے مٹا دو کہ نہ کچھ یاد رہے
مٹ نہ پائے گا جہاں سے
کبھی الفت کا رواج
ہو نہ پائے گا کبھی روح کے زخموں کا علاج
سلطنت ظلم خدا وہم مصیبت ہے سماج
ذہن کو ایسے سلا دو کہ نہ کچھ یاد رہے

مع تمام تنبیہ

اصلی پرانا کوک شاستر بالتصویر

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کیلئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان۔ بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا۔ چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر۔ اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف چار روپے معہ ڈاک خرچ
رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔
دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاریوں میں ملوں میں اور کارخانوں میں
غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ اب انگریزی
نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اس لئے
انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے
گھر والوں سے انگریزی بول سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف
ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھ کر تین مہینے میں
سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر
سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی
کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول
و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان
زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان
دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی کتاب کی مدد سے
پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے معہ ڈاک خرچ

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی